Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

## خصوصی تعلیمی گریجویشن کی شرائط / ڈپلومہ حاصل کرنے کے کریڈٹ سہولیات

***(VA Reg. 8 VAC 20-131-50 and 8 VAC 20-131-51)***

ڈپلومہ حاصل کرنے کیلئے طالبعلم کو وہ شرائط پوری کرنی ہوں گی جو اس وقت نافذ العمل تھیں جب طالبعلم **پہلی بار نویں گریڈ میں داخل ہوا تھا** ۔ ایسے طلباء ، جو آیا اسٹینڈرڈ یا ایڈوانس اسٹڈیز ڈپلومہ حاصل کرنے کیلئے کام کر رہے ہیں ، انہیں اسٹینڈرڈ اور تصدیقی کریڈٹس کے مطلوبہ نمبر لازمی حاصل کرنا ہوں گے ۔

- **اسٹینڈرڈ کریڈٹ** اُس وقت ملتا ہے جب طالبعلم کورس پاس کرلیتا ہے ۔
- **تصدیق شدہ کریڈٹ** تصدیق شدہ کریڈٹ اس وقت حاصل ہوتا ہے جب کوئی طالبعلم کورس اور اس سے وابستہ اینڈ آف دی کورس SOL ٹیسٹ یا تاریخ اور سوشل سائنز اور انگریزی (تحریری) کے شعبوں میں کارکردگی کا مستند جائزہ پاس کرتا ہے ۔ بعض صورتوں میں ، طالبعلم تصدیق شدہ کریڈٹ حاصل کرنے کیلئے، متبادل ٹیسٹس ، تصدیق نامے، یا اپیل کے طریقہء کار سے کام لے سکتے ہیں ۔

### گریجویشن کے تقاضے

ڈپلومہ ، گریجوئشن کی شرائط اور کورس پلان کرنے کے آپشنز کے بارے میں مزید تفصیلی معلومات حاصل کرنے کیلئے ، طالبعلم کے نویں گریڈ میں داخلہ سال کی بنیاد پر بنائے گئے لنک پر تشریف لے جائیے :

**2018-2019 ء اور اس کے بعد نویں گریڈ میں داخل ہونیوالے طالبعلموں کے بارے میں مزید معلومات کیلئے درج ذیل لنک ملاحظہ کیجیئے :**
https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/AccessibleGradReqs201819andBeyond.pdf

**2011-2012 ء سے 2017-2018 ء تک نویں گریڈ میں داخل ہونیوالے طالبعلموں کے بارے میں مزید معلومات کیلئے درج ذیل لنک ملاحظہ کیجیئے :**
https://www.fcps.edu/academics/graduation-requirements-and-course-planning

### ڈپلومہ کے آپشنز

ایپلائیڈ اسٹڈیز ڈپلومہ
اسٹینڈرڈ ڈپلومہ
ایڈوانسڈ اسٹڈیز ڈپلومہ

وہ طالبعلم جو ایپلائیڈ اسٹڈیز ڈپلومہ مکمل کرتے ہیں ، FCPS نظام میں اس تعلیمی سال تک خدمات حاصل کرنے کے اہل ہوتے ہیں ، جب وہ 22 سال کی عمر کو پہنچتے ہیں ، اگر وہ 30 ستمبر تک 22 ویں سالگرہ کو نہیں پہنچتے ۔ IEP انفرادی تعلیمی پروگرام کے حامل طالبعلم جو ایک اسٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ اسٹڈیز ڈپلومہ مکمل کرتے ہیں ، وہ گریجویشن کے بعد خصوصی تعلیمی خدمات حاصل کرنے کے اہل نہیں رہتے ۔

### ایپلائیڈ اسٹڈیز ڈپلومہ

معذوری کے حامل ایسے طالبعلم ، جو اپنے IEP کی شرائط پوری کر لیتے ہیں اور دوسرے ڈپلوموں کی شرائط پر پورا نہیں اترتے ، اُنہیں ایپلائیڈ اسٹڈیز ڈپلومہ دیئے جائیں گے ۔ طالبعلم ایک ایپلائیڈ اسٹڈیز ڈپلومہ حاصل کرنے کیلئے پوسٹ سیکنڈری آپشنز کے بارے میں اضافی معلومات FCPS کی مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر حاصل کرسکتے ہیں :
https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/career-and-transition-services/earning.

### اسٹینڈرڈ ڈپلومہ کریڈٹ کی سہولیات

اسٹینڈرڈ ڈپلومہ حاصل کرنے کیلئے درکار اسٹینڈرڈ اور تصدیق شدہ کریڈٹس لینے کیلئے تمام طالبعلموں کے پاس ہونیوالے آپشنز کے علاوہ ، معذوری کے حامل طالبعلموں کو اضافی کریڈٹ سہولیات کیلئے زیرغور لایا جاسکتا ہے ۔
IEP کی ٹیموں اور 504 باخبر کمیٹیوں کو قبل اس کے کہ وہ یہ نشاندہی کریں کہ ایک طالبعلم کو کون سی کریڈٹ سہولیات کیلئے زیرغور لایا جاسکتا ہے یا دی جاسکتی ہیں ، کریڈٹ سہولیات کے پیمانے پر لازماً غور کرنا چاہیئے ۔
https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/se353.pdf

### ایڈوانسڈ اسٹڈیز ڈپلومہ کریڈٹ سہولیات

ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ کیلئے ایک کریڈٹ سہولت دستیاب ہے ۔ ان طالبعلموں کیلئے جن کے IEP میں عالمی زبانوں کے ایک کریڈٹ کی سہولت کی صراحت کی گئی ہے ، ان کیلئے عالمی زبان کی شرط پر پورا اترنے کیلئے یہ متبادل آپشن دستیاب ہے ۔

IEP کے حامل طلباء کیلئے عالمی زبان کورس متبادل دستیاب ہیں :
- وہ طلباء جو 2018-2019 ء کے تعلیمی سال میں پہلی بار نویں گریڈ میں داخل ہوئے ،
- جو ایڈوانسڈ اسٹڈیز ڈپلومہ کیلئے زیرتعلیم ہیں ، اور
- جن کا IEP عالمی زبان میں ایک کریڈٹ کی اہلیت کی صراحت کرتا ہے ۔

اہل طلباء ایک عالمی زبان میں کریڈٹ کے دو معیاری یونٹس کیلئے کمپیوٹر سائنس میں کریڈٹ کے دو معیاری یونٹس کو تبدیل کرسکتے ہیں ۔ IEP ٹیم طالبعلم کیلئے مناسب متبادل کورسز کی تعداد کا تعین کرے گی ۔

*نوٹ : کورس کے متبادل سے کالج کے داخلے/ تکمیل کی شرائط پر اثر پڑ سکتا ہے؛ اپنے اسکول کونسلر سے معلوم کیجیئے ۔*

| معذوری کے حامل طلباء کیلئے اسٹینڈرڈ ڈپلومہ کریڈٹ کی سہولیات : طریقہ کار | | |
|---|---|---|
| **کیٹیگوری** | **کریڈٹ سہولت** | **شرائط** |
| **اسٹینڈرڈ کریڈٹ لینے کیلئے استعمال کیا گیا** | کور کریڈٹ کی شرائط کو پورا کرنے کیلئے پارٹ 1 کورسز کا استعمال:<br>الجبرا 1، پارٹ 1<br>جیومیٹری ، پارٹ 1<br>بائیولوجی 1، پارٹ 1 | شعبہ مضمون میں دو معیاری کریڈٹس حاصل کرنے کیلئے ، پارٹ 1 کورس اور لیول کورس لیجیئے اور پاس کیجیئے ، مثال کے طور پر ، الجبرا 1، پارٹ 1 لینے اور پاس کرنے سے ، الجبرا 1 طالبعلم کو میتھمیٹکس میں دو معیاری کریڈٹس فراہم کرتا ہے ۔ |
| | اکنامکس اینڈ پرسنل فنانس کی شرط کو پورا کرنے کیلئے پرسنل لیونگ اینڈ فنانس (3120) کا استعمال ۔ | معیاری کریڈٹ حاصل کرنے کیلئے کورس لیجیئے اور پاس کیجیئے |
| **تصدیق شدہ کریڈٹ لینے کیلئے استعمال کیا گیا** | توسیع شدہ تیز تر دوبارہ لینے کی حد<br>(SOL اسکورز 350-374) | وہ اسکور ، جو طالبعلم نے SOL دوبارہ دینے کے بعد حاصل کیا، اگلے ممکنہ مراحل کا تعین کرے گا |
| | گریجویشن کیلئے تصدیق شدہ کریڈٹ کی شرائط کو پورا کرنے کیلئے درکار بہت سے مقامی طور پر دیئے گئے تصدیق شدہ کریڈٹس (LAVC) کا استعمال<br>(SOL اسکور 375-399) | ایک بار اس آپشن کومنتخب کرلیا گیا اور طالبعلم نے کلاس پاس کرلی ، تو کمیٹی غور کرے گی کہ آیا LAVC دیا جائے |
| | خصوصی اجازت کیساتھ مقامی طور پر دی گئی تصدیق شدہ کریڈٹ سہولت (SPLAVC-A)<br>(Sol اسکور 375 سے کم) | SPLAVC-A منتخب کرنے سے درج ذیل طریقہ کار شروع ہوجاتا ہے |
| **کوئی نہیں** | کریڈٹ سہولیات کی نشاندہی بعد کی تاریخ میں کی جائیگی | ٹیم پیمانے کا جائزہ لے اور اس کے جواز کی تائید میں بیان تحریر کرے اور پھر بعد میں ایک میٹنگ میں ضروری کریڈٹ کی سہولیات منتخب کرنے کا فیصلہ کرے |

| خصوصی اجازت سے مقامی طور پر دی گئی تصدیق شدہ کریڈٹ - سہولیات (SPLAVC-A) پر غور | |
|---|---|
| **IEP ٹیم یا 504 باخبر کمیٹی** | 1. ٹیم SPLAVC-A کے پیمانے کا جائزہ لیتی ہے: *https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/se353.pdf*. اس فارم کو ہر تصدیق شدہ کریڈٹ کیلئے مکمل کرنے کی ضرورت ہے ۔ |
| **اسکول ٹیم** | 2. اسکول میں عملہ مطلوبہ معلومات ایک سپریڈ شیٹ میں مکمل کرتا ہے: *https://www.doe.virginia.gov/home/showpublisheddocument/794/637943782802300000* **(ایکسل)** |
| **مرکزی دفتر** | 3. مرکزی دفتر میں عملے نے سپریڈ شیٹ میں معلومات کی تصدیق کی اور یہ سپریڈ شیٹ ورجینیا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن (VDOE) میں جمع کرائی ۔ |
| **ورجینیا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن** | 4. VDOE مقامی طور پر دیئے گئے تصدیق شدہ کریڈٹ (LAVC) آگے بڑھانے کیلئے منظوری دیتا ہے یا مزید معلومات کی درخواست کرتا ہے ۔ جب VDOE آگے بڑھانے کی منظوری فراہم کرتا ہے ، تو یہ عمل 6 مرحلہ پر جاری رہتا ہے۔ |
| **اسکول ٹیم** | 5. اسکول میں موجود عملے نے *درخواست برائے مقامی طور پر دیئے گئے تصدیق شدہ کریڈٹ - سہولت* فارم مکمل کرلیا ہے ۔<br><br>6. اسکول میں LAVC کمیٹی LAVC دینے پر غور کرسکتی ہے ۔ LAVC کمیٹی مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی نشاندہی کرکے درخواست کا جواب دے گی: درخواست منظور ، درخواست مسترد ، اضافی جانچ اور ٹیسٹ دوبارہ لینے کی سفارش کی گئی ، یا کمیٹی کے جائزے کیلئے مزید تعلیمی اسائنمنٹس درخواست کی جاتی ہے ۔ |

*ورجینیا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کی ویب سائٹ پر معذوری کے حامل طلباء کیلئے اسٹینڈرڈ ڈپلومہ کریڈٹ کی سہولیات کی مزید معلومات دستیاب ہیں:* *https://www.doe.virginia.gov/parents-students/for-students/graduation/graduation-requirement-resources/credit-accommodations*.

| فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز رابطہ معلومات | |
|---|---|
| براہ کرم اضافی سوالات / خدشات کے سلسلہ میں درج ذیل دفاتر سے رابطہ کیجیئے : | |
| **دفتر برائے خصوصی تعلیم ہدایات** 571-423-4100<br>**کیریئر اور منتقلی کی خدمات**: 571-423-4150 | **قانونی طریقہ کار اور اہلیت :** 571-423-4470<br>**اسکول کونسلنگ**: 571-423-4420 |